# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت:دوم | مضمون:اردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: حمد | |

**مقاصد:** حروف کے الفاظ بنا سکیں۔

موضوع سے متعلق بات چیت کر سکیں۔

الفاظ کے جملے لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 5۔ اسٹکی نوٹس

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں سے کہیں کہ آج ہم اپنے اپنے ناموں کے حروف الگ الگ کریں گے اور ان کو جوڑ کر اپنا نام لکھیں گے۔
- اس کام کو مکمل کرنے کے لیے جماعت کے بچوں کے دو گروہ بنالیں۔
- ایک گروہ دوسرے گروہ کے بچوں کے ناموں کے حروف الگ الگ کر کے بورڈ پر لکھے۔
- جب کہ دوسرا گروہ ان حروف کو جوڑ کر ان کے الفاظ یعنی بچوں کے نام مکمل کر کے لکھیں اور ان کے ناموں سے متعلق ایک ایک جملہ بھی بنا کر ساتھیوں کو سنائیں۔
- اسی طرح یہ سرگرمی جماعت کے دوسرے گروہ سے بھی کروائیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو بتائیں کہ آج ہم اپنے سبق میں بھی حروف کو جوڑ کر لفظ بنائیں گے اور کچھ الفاظ کے جملے بھی بنائیں گے۔




**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- بورڈ پر درمیان میں لائن لگا کر ایک طرف کتاب کے صفحہ نمبر 5 پر موجود سوال نمبر 4 میں دیے گئے حروف لکھیں ان حروف کی بچوں کو پڑھائی کروائیں۔
- پھر متفرق بچوں کو کھڑا کر کے ان سے حروف کو ملا کر الفاظ مکمل کرنے کو کہیں۔
- جماعت کے بچوں کو ایک ایک اسٹکی نوٹ دے دیں اور ان کو الگ الگ بٹھالیں۔
- بچوں کو ہدایت کریں کہ وہ ان اسٹکی نوٹس پر بورڈ پر لکھے حروف کو جوڑ کر مکمل الفاظ لکھیں۔
- کام کے دوران بچوں کی نگرانی کریں کہ بچے درست طریقے سے کام کر رہے ہیں کہ نہیں۔
- مقررہ وقت مکمل ہونے کے بعد باری باری کام کو چیک کریں اور جن بچوں نے کام میں غلطی کی ہے ان کی بڑے پیار سے اصلاح کی جائے تا کہ بچوں کی عزت نفس مجروح نہ ہو اور نہ وہ استاد سے بات کرنے سے گھبرائیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 5 کے سوال نمبر 5 پر موجود سرگرمی کروانے کے لیے جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور بچوں کو ہدایت دیں کہ آپس میں بات چیت کریں اور بتائیں کہ آپ کو حمد نظم کیسی لگی؟
- اس کام کے لیے بچوں کو مخصوص وقت دیں اس کے بعد دونوں گروہوں میں سے متفرق بچوں کو بلوا کر ان سے سوال کا جواب حاصل کریں۔

| |
|---|
| • اگلی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے کتاب کے صفحہ نمبر 5 کے سوال نمبر 6 پر موجود الفاظ مختلف پرچیوں پر لکھ کر پہلے سے تیار کرلیں اور جماعت میں بچوں کی کرسیوں کے نیچے چھپادیں۔<br>• ہر لفظ کی ایک سے زیادہ پرچیاں تیار کریں۔<br>• بچوں کو جوڑیوں میں تقسیم کریں اور بچوں کو ہدایت دیں کہ اپنی اپنی کرسی کے نیچے سے پرچی نکالیں اور دیکھیں اُن کے حصے میں کون سالفظ آیا ہے۔<br>• ہر بچہ اپنے ساتھی سے اس لفظ کے بارے میں بات چیت کرے اور اس کے معنی سمجھنے کے بعد اس کا جملہ پرچی کی دوسری جانب لکھ دے۔<br>• اس سرگرمی کے لیے انھیں 5 منٹ کا وقت دیں۔<br>• اب بورڈ پر دو کالم بنائیں۔<br>• ایک کالم میں تمام الفاظ لکھیں اور دوسرے میں بچوں کے بنائے جملے۔<br>• تمام بچوں کو جملے بتانے کا موقع دیں اور سب کے جوابات بورڈ پر لکھیں۔<br>• بعد ازاں بورڈ پر لکھے گئے تمام جوابات کی کانٹ چھانٹ کریں۔<br>• درست جملے لکھے رہنے دیں اور باقی سب مٹادیں۔ اب بچوں کو ہر جملے کا مطلب سمجھائیں۔<br>• آخر میں بچوں کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے تالیاں بجوائیں۔ |
| **اعادہ:**(۳منٹ) بچوں کو مختصراً پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروادیں۔ |
| **جائزہ:**(۵منٹ) بورڈ پر چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے جملے لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(۲منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے اور ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔ |

# ورک شیٹ

دیے گئے حروف جوڑ کر الفاظ مکمل کر کے لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ن | ا | ہ | ج |
| ل | گ | ن | ج |
| ا | ت | ا | ن |
| ا | ی | ن | د |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ڑ | ا | ہ | پ |
| ا | ل | و | م |
| ن | ا | ب | ز |
| و | ل | ی | ن |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: حمد | |

**مقاصد:** نظم حمد درست تلفظ سے پڑھ سکیں۔

بے ترتیب جملوں کو ترتیب دے سکیں۔

جملوں میں ختمہ کا استعمال کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 6۔ اسٹکی نوٹس، فلیش کارڈ

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 6 کے سوال نمبر 7 میں موجود نظم "حمد" کی پڑھائی کروانے کے لیے استاد تمام بچوں کو اپنی طرف متوجہ کریں۔
- ایک بار سبق میں موجود حمد کی بلند خوانی خود کریں۔ مشکل الفاظ ساتھ ساتھ بورڈ پر لکھتے جائیں۔
- مشکل الفاظ کی ساتھ ساتھ بچوں سے دہرائی کروائیں۔ اب تمام بچوں سے ایک ایک مصرعہ پڑھنے کو کہیں۔
- پڑھنے کے دوران میں بچوں کو ہدایت دیں کہ بچے ہل ہل کر نہ پڑھیں اسی طرح پڑھتے ہوئے سر، یا کتاب کو نہ ہلائیں۔ ان کا تلفظ اور لہجہ درست ہو۔
- نظم کو نثر کی طرح نہ پڑھ رہے ہوں۔ جب تمام اشعار کی پڑھائی مکمل ہو جائے تو انھیں شاباش دیں۔
- ایک بار پھر استاد ہر مصرعہ خود پڑھیں اور ہر مصرعے کے بعد بچوں کو اپنے پیچھے دہرانے کو کہیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)

- کتاب کے صفحہ نمبر 6 پر موجود سوال نمبر 8 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے کتاب میں موجود تمام بے ترتیب جملے بورڈ پر لکھیں۔
- ان بے ترتیب جملوں کی بچوں کو پڑھائی کروائیں۔
- بچوں سے کہیں کہ کیا ان جملوں کو پڑھ کر جملوں میں کی گئی بات سمجھ آ رہی ہے کہ نہیں؟
- اب بورڈ پر دو کالم بنائیں اور بے ترتیب جملوں پر مشتمل پرچیاں بنالیں پرچیاں بناتے ہوئے اس بات کا دھیان رکھیں کہ پرچیاں بچوں کی تعداد سے دوگنا ہوں۔
- اب ہر بچے کو دو دو بے ترتیب جملوں کی پرچیاں دیں۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ ان جملوں کی پڑھائی کریں اور ان جملوں کی ترتیب درست کریں۔
- بچوں کی جملوں کی پڑھائی کے دوران میں بورڈ پر دو کالم بنائیں اور ایک کالم پر سرخی دیں "بے ترتیب الفاظ" اور اس میں کتاب پر موجود بے ترتیب جملے لکھیں۔
- دوسرے کالم پر سرخی لکھیں "مکمل جملے" جماعت میں سے مختلف بچوں کو باری باری اپنے پاس بلائیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ بے ترتیب الفاظ کو ترتیب دے کر جملہ بنائیں اس طرح یہ سرگرمی مختلف بچوں سے کروائیں۔
- ساتھ ساتھ ان کی راہ نمائی بھی کرتے جائیں۔ درست کام کرنے والے بچے کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- اس کے بعد علامتِ ختمہ، سکتہ اور سوالیہ کے فلیش کارڈ بورڈ پر چپکا دیں۔

| |
|---|
| • بچوں کو بتائیں کہ ان علامات کے بارے میں آپ پچھلی جماعت میں تفصیل سے پڑھ چکے ہیں۔<br>• یہاں پر اعادہ کے لیے بچوں کو ان علامات کے بارے میں ایک مرتبہ پھر تفصیل سے سمجھائیں۔<br>• بچوں سے پوچھیں کہ بورڈ پر چسپاں علامات میں سے کون سی علامت ختمہ کی علامت ہے؟<br>• جوابات حاصل کرنے کے بعد بچوں کو بتائیں کہ کسی بھی جملے کے آخر میں "۔" علامت لگتی ہے۔<br>• اس علامت کا مقصد عبارت میں ایک جملے کو دوسرے جملے سے الگ کرنا ہے۔<br>• اب بے ترتیب جملوں کی ترتیب درست کر کے جملے بورڈ پر لکھیں۔<br>• جملے لکھنے کے بعد باقی دوسری علامت کے فلیش کارڈ بورڈ سے اُتارلیں لیکن ختمہ (۔) کا علامتی فلیش کارڈز بورڈ پر ہی لگا رہنے دیں اور بچوں سے کہیں کہ اوپر لکھے گئے جملوں کے آخر میں علامت ختمہ لگا کر جملے مکمل کریں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروادیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر چند جملے لکھیں اور متفرق بچوں سے ختمہ کی علامت کے بارے میں پوچھیں اور درست جگہ پر علامت لگوائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

.

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:2 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | | سبق کا نام: حمد | |

**مقاصد:** تصویر کے بارے میں جملے لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 6

**تحریکی سر گرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- کچھ جانوروں کی تصاویر لیں اور انھیں چار چار حصوں میں کاٹ لیں۔
- بچوں کے تجسس کو اُبھارنے کے لیے تصاویر کا ایک ایک حصہ بورڈ پر ٹیپ کی مدد سے چسپاں کریں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ پہچاننے کی کوشش کریں کہ وہ کس کی تصویر ہے؟
- بچے اندازہ لگائیں، اگر کوئی بچہ درست جواب دے تو اس کی حوصلہ افزائی کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- اگر بچوں کو پہچاننے میں دشواری ہو تو تصاویر کا دوسرا اور پھر تیسرا حصہ بھی ساتھ چسپاں کر دیں۔
- بچے متجسس رہیں گے اور ان کی پوری توجہ متعلقہ تصاویر کی جانب ہو گی۔
- اس کے بعد تصاویر مکمل کر دیں۔ اب بچوں سے ان تصاویر کے بارے میں ایک ایک جملہ بتانے کو کہیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- کتاب کے صفحہ نمبر 6 پر موجود سوال نمبر 9 کی سر گرمی مکمل کروانے کے لیے بچوں سے کتاب کے صفحے پر موجود تصویر پر بات چیت کریں کہ:
- **آپ کو تصویر میں کیا نظر آرہا ہے؟**
- **اس تصویر میں بچے کیا کام کر رہے ہیں؟**
- **آپ کو اس تصویر میں اللہ تعالیٰ کی کون کون سی نعمتیں نظر آ رہی ہیں؟**
- فرداً فرداً بچوں سے ان کے جوابات لیں۔
- درست جواب دینے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں اور شاباش دیں۔
- اس کے بعد بچوں کو الگ الگ بٹھا کر تصویر سے متعلق جملے لکھوائیں۔
- کام کی نگرانی کریں جہاں بچے مشکل محسوس کریں ان کی مکمل راہ نمائی کریں۔
- جب بچے لکھنے کا کام مکمل کر لیں تو بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے لکھے گئے جملے باری باری بورڈ پر لکھیں۔
- بچے جب بورڈ پر جملے لکھ لیں تو جملوں کی کانٹ چھانٹ کریں۔ غلط جملے کاٹ دیں اور درست جملے لکھے رہنے دیں۔
- آخر میں لکھے گئے جملوں کی بچوں کو پڑھائی کروائیں۔ بچوں کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) بچوں کو مختصراً پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروا دیں۔

| |
|---|
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر چند بچوں سے سبق میں دی گئی تصویر سے متعلق جملے لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے اور ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔ |

## ورک شیٹ

دی گئی تصویر سے متعلق پانچ جملے لکھیں۔



# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:1 جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: حمد | |

**مقاصد:** کسی بھی موضوع پر جملے لکھ سکیں۔

کسی بھی موضوع پر تقریر کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 6۔ اسٹکی نوٹس، فلیش کارڈ

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)



- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کے بچوں کو ایک ایک اسٹکی نوٹ دے دیں اور ان کو الگ الگ بٹھا لیں۔
- بچوں کو ہدایت کریں کہ وہ ان اسٹکی نوٹس پر اپنے والد سے متعلق جملے لکھیں۔
- کام کے دوران بچوں کی نگرانی کریں کہ بچے درست طریقے سے کام کر رہے ہیں کہ نہیں، مقررہ وقت مکمل ہونے کے بعد باری باری کام کو چیک کریں۔
- جن بچوں نے کام میں غلطی کی ہے ان کی بڑے پیار سے اصلاح کریں تاکہ بچوں کی عزت نفس مجروح نہ ہو اور نہ وہ استاد سے بات کرنے سے گھبرائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)

- کتاب کے صفحہ نمبر 6 پر موجود سوال نمبر 10 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے جماعت کے بچوں کو گروہوں میں تقسیم کریں اور ان کو ہدایت کریں کہ وہ آپس میں بات چیت کریں کہ ہم اللہ تعالیٰ کی تعریف کیسے کر سکتے ہیں؟
- بات چیت کے بعد بچوں کو گروہی صورت میں ہی بیٹھا کر اللہ تعالیٰ کی تعریف میں جملے لکھنے کے لیے کہیں۔
- کام کی نگرانی کریں جس بچے یا گروہ کو اپنے موضوع پر لکھنے میں مشکل محسوس ہو رہی ہے، ان کی مکمل راہ نمائی کریں۔
- کام کی تکمیل کے بعد فرداً فرداً بچے کو پاس بلا کر ان کی اصلاح کریں تاکہ بچے کو سب کے سامنے شرمندگی محسوس نہ ہو اور ان کی اصلاح بھی ہو جائے۔
- اس کے بعد ایک گروہ کے طلبا سے کہیں کہ وہ اپنے لکھے ہوئے جملے ساری جماعت کے سامنے پڑھ کر سنائیں۔
- اس کے بعد سب بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- اگلی سرگرمی کے لیے کتاب کے صفحہ نمبر 6 پر موجود سوال نمبر 11 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے بورڈ پر کتاب میں دیا گیا موضوع لکھیں۔
- بچوں کو موضوع سے متعلق ضروری معلومات دیں اور بچوں کی تقاریر تیار کروائیں۔
- جماعت میں ایک تقریری مقابلے کا انعقاد کریں اور بچوں کی تیار کی گئی تقاریر جماعت کے سامنے پیش کروائیں۔
- سب سے اچھی تقریر کرنے والے بچے کی حوصلہ افزائی کریں اور تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروا دیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) متفرق بچوں سے تقریر سنیں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ: 1 | جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ: 2 | | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 5 | | سبق کا نام: نعت | |

**مقاصد:** نعت کو درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 7۔

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کے بچوں کو ایک دائرے میں بٹھائیں اور بچوں سے ان کی پسند ناپسند کے بارے میں پوچھیں۔
- جیسے آپ کی پسندیدہ کتاب کون سی ہے؟
- کتاب کو پسند کرنے کی وجہ بتائیں؟
- کیا آپ نعتیہ کتابیں شوق سے پڑھتے ہیں؟
- ان سولات کے جوابات حاصل کرنے کے بعد بچوں سے ان کی پسندیدہ نعت سنیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ جس نظم میں نبی پاک خاتم النبیین ﷺ کی تعریف بیان کی جائے، اس نظم کو "نعت" کہتے ہیں۔
- بچوں سے صفحہ نمبر 7 کھلوائیں۔ نعت پہلے خود پڑھ کر سُنائیں۔
- اس دوران میں ہر مصرعہ درست تلفظ اور ترنّم سے پڑھیں نیز پڑھتے ہوئے تاثرات کا خصوصی خیال رکھیں۔
- مشکل الفاظ ساتھ ساتھ تختۂ تحریر پر لکھ کر ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔
- ہر شعر کی پڑھائی کے ساتھ ساتھ بچوں کو اس کا مطلب بھی آسان الفاظ میں بتاتے جائیں۔
- اب بچوں کے چھے گروہ بنادیں اور ہر گروہ کو نظم کا ایک ایک شعر تفویض کر دیں۔
- اب ہر گروہ کا بچہ باری باری اپنا تفویض کردہ شعر پڑھے گا اور دوسرے گروہوں کے بچے دھیان سے سنیں گے۔
- جہاں اس بچے کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آرہی ہو گی تو اس کی اساتذہ راہ نمائی کریں گے۔
- علاوہ ازیں پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں اور جب بچہ شعر مکمل کر لے تو اس کی اصلاح کریں۔
- دورانِ پڑھائی میں کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔
- اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے پر جھجک محسوس کرتے ہیں۔
- پڑھائی کے بعد بچوں سے پوچھیں کہ انھوں نے اس نعت میں نبی پاک خاتم النبیین ﷺ کی کون کون سی خوبیوں کے بارے میں پڑھا ہے؟

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروادیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) متفرق بچوں سے نعت کے اشعار سنیں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ)جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:2 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | | سبق کا نام: نعت | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 7,8۔ بچوں کے ناموں کی پرچیاں، ٹوکری

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کے دو گرہ بنالیں۔ دونوں گروہوں کو گروہ الف اور گروہ ب کا نام دیں۔
- دونوں ٹوکریوں میں جماعت کے دونوں گروہوں کے ناموں کی پرچیاں لکھ کر ڈال دیں۔
- گروہ الف کے ناموں کی پرچیاں گروہ ب کے بچوں کو دے دیں اور گروہ ب کے ناموں کی پرچیاں گروہ الف کو دے دیں۔
- سب سے پہلے گروہ الف کی ٹوکری میں سے ایک پرچی نکالیں۔
- جس بچے کا نام نکلے اس سے کتاب کے صفحہ نمبر 7 پر موجود نظم "نعت" کے اشعار کی پڑھائی کروائیں۔
- اگر یہ بچہ اشعار درست تلفظ لے اور آہنگ سے نہیں پڑھے گا تو باری دوسرے گروہ کے بچوں کو دے دی جائے گی۔
- اس کے بعد گروہ ب کے ناموں کی پرچیوں میں سے ایک پرچی نکالیں اور ان بچوں سے بھی ویسے ہی نعت کے اشعار کی پڑھائی کرائیں۔
- دونوں گروہوں میں سے جن کے زیادہ بچے اشعار پڑھتے ہوئے درست لب ولہجہ اختیار کریں وہ گروہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- الفاظ معانی کی سرگرمی کروانے کے لیے بورڈ پر کتاب کے صفحہ نمبر 8 پر موجود تمام الفاظ لکھ دیں اور جماعت کے تمام بچوں کو چار سے پانچ مرتبہ بلند خوانی کروائیں۔
- الفاظ کے معانی بھی بچوں کو تفصیل سے سمجھا دیں پھر مختلف پرچیوں پر تمام الفاظ لکھ کر پرچیاں تیار کر لیں۔
- ہر لفظ کی دو پرچیاں تیار کریں۔ جماعت کو دو حصوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو تمام الفاظ کی ایک ایک پرچی دے دیں۔
- ان سے کہیں کہ آپس میں بات چیت کریں اور ان الفاظ کے معانی سمجھنے کی کوشش کریں۔
- اس سرگرمی کے لیے انھیں پانچ منٹ کا وقت دیں۔
- بچوں کی بات چیت کرنے کے دوران میں بورڈ پر دو کالم بنالیں۔
- ایک کالم میں صفحہ 8 کے تمام الفاظ لکھ لیں اور دوسرے کالم میں بچوں کی جانب سے آنے والے جوابات لکھیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اُس جواب کو بورڈ پر لکھ دیں۔
- جوابات بورڈ پر لکھنے کے بعد کانٹ چھانٹ شروع کریں۔

| |
|---|
| • درست معانی لکھے رہنے دیں جبکہ غلط معانی مٹادیں۔<br>• بچوں کو لفظ کا مطلب سمجھائیں اور پھر درست جواب بورڈ پر لکھ دیں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ)بچوں کو مختصراً پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروادیں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ)بورڈ پر چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے معانی لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ)جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔ |